وزیر اعظم کی فورٹسکیو میٹلز گروپ اور فورٹسکیو فیوچر انڈسٹریز کے ایگزیکیوٹو چیئرمین اور بانی ڈاکٹر اینڈریو فورسٹ سے ملاقات

23 مئی 2023

وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے 23 مئی 2023 کو آسٹریلیائی شہر سڈنی میں معروف آسٹریلوی صنعت کار ڈاکٹر اینڈریو فورسٹ سے ملاقات کی، جو فورٹسکیو میٹلز گروپ اور فورٹسکیو فیوچر انڈسٹریز کے ایگزیکیوٹو چیئرمین اور بانی ہیں۔

2۔ وزیر اعظم نے گرین ہائیڈروجن کے شعبے میں ہندوستانی کمپنیوں کے ساتھ کام کرنے کے فورٹسکیو گروپ کے منصوبوں کا خیرمقدم کیا۔ وزیر اعظم نے ہندوستان کے قابل تجدید توانائی کے پرعزم منصوبوں پر زور دیتے ہوئے، ہندوستان کی طرف سے کی جانے والی تبدیلی کی اصلاحات اور اقدامات پر روشنی ڈالی، جیسے کہ گرین ہائیڈروجن مشن۔

3۔ ڈاکٹر فارسٹ نے وزیر اعظم کو ہندوستان میں فورٹسکیو فیوچر انڈسٹریز کے منصوبوں اور پروجیکٹوں کے بارے میں آگاہ کیا۔

سڈنی

23 مئی 2023